سوال

بیوی کا خاوند کسی دوسرے ملک میں کام کرتا ہوا فوت ہوگیا لیکن بیوی کو اس کا علم وفات کے چھ ماہ بعد ہوا تو کیا بیوی اس حالت میں عدت گزارے گی، اور اس کی دلیل کیا ہے ؟

جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کے لیے، اور درود و سلام ہوں اللہ کے رسول پر، بعد ازاں :

خاوند کے فوت ہوجانے کی صورت میں بیوی کی عدت اس کی وفات کے وقت سے شروع ہوگی، اگر تو بیوی حاملہ ہے تو اس کی عدت وضع حمل ہے اور اگر حاملہ نہیں تو پھر آزاد عورت کی عدت چار ماہ دس دن اور اگر لونڈی ہے تو اس کی عدت دو ماہ پانچ دن ہوگی۔

اور اگر بیوی کو اپنے خاوند کی وفات کا علم چھ ماہ بعد ہوا ہے تو اس کی عدت ختم ہوچکی ہے کیونکہ اسے علم ہی چھ ماہ بعد ہوا۔

عبدالرحمن بن عجلان۔

دیکھیں الموسوعۃ الفقھیۃ (105/2)، اور احکام الاحداد للمصلح ص (90)۔

واللہ اعلم.

الاسلام سوال وجواب

21398